http://www.ukboardonline.com

रोल नं. | | | | | | | | |

106

मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 6

406(IZE)

# 2019
# उर्दू
# اردو

समय : 3 घण्टे]

[पूर्णांक : 100

1. طالب علم اپنے سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔
2. اپنے سوال نامے کو جانچ لیں کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی تعداد ہے جتنی اوپر لکھی گئی ہے۔
3. حصّہ الف اور حصّہ ب سے سبھی سوالات کرنے ہیں۔
4. سوالات کے جواب میں جس سوال کا جو نمبر ہے جواب میں بھی وہی نمبر لکھیں۔
5. صاف ستھری اور خوشخط تحریر میں جواب لکھیں۔

http://www.ukboardonline.com

http://www.ukboardonline.com

## "حصّہ الف"

سوال نمبر 1. درج ذیل (غیر درسی) عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلّق دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھئے: 10 نمبر

محمد قلی اور ابراہیم عادل شاہ ثانی دونوں ہی ادب دوست تھے۔ دونوں ہی شاعر تھے اور ایسا تہذیبی ماحول پیدا کرنے کے خواہش مند تھے جس میں اہل قلم اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاسکیں۔ محمد قلی قطب شاہ کا دور فنی اور تخلیقی کاموں کی وجہ سے ہمیشہ یاد رہے گا۔ قطب شاہی سلطنت کے اس سنہرے دور پر، اردو شاعری کی تاریخ ہمیشہ فخر کرتی رہے گی۔ محمد قلی قطب شاہ اردو کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر ہے۔ اس سے پہلے بھی شعراء کا کلام ملتا ہے مگر ان میں سے کسی نے اپنا دیوان بہ اعتبار حروف تہجی ترتیب نہیں دیا تھا۔ اس کا اردو دیوان پچاس ہزار اشعار پر مشتمل تھا۔ اس میں اس نے زندگی کی چھوٹی بڑی اہم اور غیر اہم بات کو شاعری کا موضوع بنایا ہے۔ اس کے کلیات میں نظمیں بھی بڑی تعداد میں شامل ہیں۔ وجہی کی قطب مشتری اردو کی قدیم ترین مثنویوں میں سے ایک ہے۔ قطب مشتری ،محمد قلی قطب شاہ اور مشتری کے عشق کی داستان ہے اور اسی مناسبت سے اسکا نام قطب مشتری رکھا گیا ہے۔ یہ مشتری وہی ہے جو

P.T.O.



http://www.ukboardonline.com

http://www.ukboardonline.com

بھاگ متی کے نام سے مشہور ہے۔

(i) محمد قلی قطب شاہ اور ابراھیم عادل شاہ ثانی میں کیا کیا باتیں یکساں تھیں؟

(ii) محمد قلی قطب شاہ کو اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کیوں کہا جاتا ہے؟

(iii) وجہی کی مثنوی کا نام قطب مشتری کیوں رکھا گیا؟

(iv) قطب شاہی سلطنت کے کس دور کو سنہرا دور کہا جاتا ہے اور کیوں؟

(v) محمد قلی قطب شاہ کے دیوان میں کتنے اردو اشعار ہیں۔ اور اس نے کن کن موضوعات پر شعر کہے ہیں؟

سوال نمبر.2 درجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے: 15

(i) وقت کی پابندی

(ii) بےروزگاری: ایک بڑا مسئلہ

(iii) سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا

(iv) ''انٹرنیٹ'' وقت کی اہم ضرورت

سوال نمبر.3 اپنے دوست کو خط لکھ کر اگلے مہینے ہونے والی اپنی سالگرہ میں شرکت کی دعوت دیجئے اور یہ بھی بتائیے کہ سالگرہ کی تقریب میں شریک سبھی دوست دہلی کی سیر کے لئے بھی جائیں گے؟ 10

یا

اپنے پرنسپل کو فیس معاف کرنے کے لئے درخواست لکھئے؟

سوال نمبر.4 درج ذیل عبارت کا خلاصہ لکھئے اور ایک مناسب عنوان بھی تجویز کیجئے؟ 10

سر سید نے لکھنا اس وقت شروع کر دیا تھا۔ جب وہ خاصے کم عمر تھے۔ انھوں نے ترجمے کئے۔ چھوٹی چھوٹی کتابیں لکھیں۔ لیکن جس کتاب کی وجہ سے وہ راتوں رات مشہور ہوئے اس کا نام ''آثار الصنادید'' ہے۔ یہ کتاب دہلی کی تاریخی عمارتوں اور ممتاز



http://www.ukboardonline.com
http://www.ukboardonline.com
http://www.ukboardonline.com

http://www.ukboardonline.com

لوگوں کے بارے میں ہے۔اس کا ترجمہ فرانسیسی زبان میں ہوا۔اوران کی شہرت پورے یورپ میں پھیل گئی۔انھوں نے کئی مذہبی کتابیں لکھیں۔لیکن ان کے وہ چھوٹے چھوٹے مضامین جو''تہذیب الاخلاق'' کے لئے لکھے گئے تھے زیادہ مشہور ہوئے۔ان مضامین کی زبان صاف اور آسان ہے۔ان میں سادگی کا زور ہے۔اظہار کی طاقت کا حسن ہے۔وہ خوبصورتی ہے جو رنگین زبان اور بناوٹی انداز سے پیدا ہوتی ہے۔اس وقت تک ایسی زبان اچھی سمجھی جاتی تھی۔جس میں تشبیہیں اور استعارے ہوں،لیکن سرسیّد نے اپنی راہ الگ نکالی۔دھیرے دھیرے سادہ نثر ہی اچھی نثر قرار پائی۔جو آج بھی استعمال ہوتی ہے،اور پسند کی جاتی ہے۔

سوال.5 درج ذیل محاوروں میں سے صرف پانچ کے معنی لکھئے اور انھیں جملوں میں استعمال کیجئے: 10

(i) خاطر میں نہ لانا

(ii) پھولے نہ سمانا

(iii) جان میں جان آنا

(iv) بول بالا ہونا

(v) سبز باغ دکھانا

(vi) آنکھوں میں دھول جھونکنا

(vii) اپنے منھ میاں مٹھو بننا

(viii) اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا

سوال.6 کسی ادبی رسالے کو بیچنے کے لئے اشتہار بنایئے؟ 5

یا

اپنے محلّہ میں پھیلی گندگی کی صفائی کے لئے مونسپل کارپوریشن میں درخواست لکھئے؟



http://www.ukboardonline.com

http://www.ukboardonline.com

http://www.ukboardonline.com

http://www.ukboardonline.com

**( حصہ ب )**

7. درج ذیل اقتباس کوغور سے پڑھئے اور اس سے مطابق دئے گئے سوالوں کے جواب دیجئے: 7

خرگوش دنیا کے تقریباً ہر ملک میں پائے جاتے ہیں۔ یہ بھی چوہوں کی طرح زمین میں بل بنا کر رہتے ہیں۔ بلوں میں ہی بچے دیتے ہیں اور وہیں ان کی پرورش کرتے ہیں۔ خرگوش کے بل جنھیں بعض علاقوں میں بَھٹ بھی کہا جاتا ہے، سُرنگوں کی طرح ہوتے ہیں لیکن ان سُرنگوں کی خاص بات یہ ہوتی ہے کہ ان میں آنے جانے کے لئے صرف ایک منھ یا دروازہ نہیں ہوتا بلکہ خرگوش کئی کئی دروازے بناتا ہے تا کہ خطرے کے وقت جس دروازے سے موقع ملے نکل کر بھاگ جائے۔ دن کے وقت یہ اپنے بلوں میں ہی رہتے ہیں۔ لیکن صبح شام اور موسم کے لحاظ سے اکثر رات میں بھی کھیلتے کودتے اور کھانے کی تلاش میں ایک ساتھ باہر نکل آتے ہیں۔

(i) خرگوش کہاں رہنا پسند کرتے ہیں؟ 1

(ii) بعض علاقوں میں خرگوش کے بل کو کیا کہا جاتا ہے؟ 1 1/2

(iii) خرگوش کے بل کس طرح کے ہوتے ہیں؟ 1 1/2

(iv) خرگوش اپنے بل میں کئی کئی دروازے کیوں بناتا ہے؟ 1 1/2

(v) صبح اور شام کے وقت اور اکثر رات میں خرگوش کیا کرتے ہیں؟ 1 1/2

یا

http://www.ukboardonline.com

سب بچھو ایک جیسے زہریلے نہیں ہوتے۔ اس وقت دنیا میں ان کی تقریباً چھ سو قسمیں ملتی ہیں۔ سانپ کی طرح ان میں بھی کچھ میں زہر نہیں ہوتا۔ اس طرح بعض کم اور بعض زیادہ زہریلے ہوتے ہیں۔ دراصل زہر کا تعلق ان کی نسل اور ان کے سائز سے بھی ہے۔ مثلاً بچھوؤں کی زیادہ قسمیں ایسی ہیں جنھیں خطرناک نہیں مانا جاتا۔ ان کے ڈنک سے تکلیف تو ہو سکتی ہے، لیکن جان جانے کا خطرہ نہیں ہوتا۔ البتہ بعض گرم ملکوں کے بچھو جیسے مصر کے بچھو یا افریقہ کے دوسرے ملکوں اور عرب ممالک کے بچھو بڑے خطرناک ہوتے ہیں۔ بچوں اور بوڑھوں پر ان کا زہر سانپ کی طرح اثر کرتا ہے۔



http://www.ukboardonline.com
http://www.ukboardonline.com
http://www.ukboardonline.com

http://www.ukboardonline.com

(i) اس وقت دنیا میں بچھوؤں کی کتنی قسمیں ملتی ہیں؟ 1

(ii) بچھو میں زہر ہونے اور نہ ہونے کا تعلق کس بات سے ہے؟ 1 1/2

(iii) کس عمر کے افراد پر بچھوؤں کا زہر تیزی سے اثر کرتا ہے؟ 1 1/2

(iv) کیا بچھو کے ڈنک مارتے ہی جان جا سکتی ہے۔ وجہ بتائیے؟ 1 1/2

(v) زیادہ خطرناک بچھو کن ملکوں میں پائے جاتے ہیں؟ 1 1/2

سوال.8 کتّوں کے ذریعہ خوگوش کے شکار کو اپنے الفاظ میں لکھئے؟ 5

**یا**

اس بھینس کا علاج کس طرح کیا گیا جسے شیر نے زخمی کر دیا؟

سوال.9 نیچے دیئے گئے سوالوں میں سے چار کے جواب لکھئے؟ 8

(i) دنیا میں ہاتھیوں کی کتنی قسمیں موجود ہیں؟ ان کی نسلوں کے نام لکھئے۔

(ii) لومڑی کی آواز اور اس کا رنگ کیسا ہوتا ہے؟

(iii) جنگل کی راتیں کس قسم کی ہوتی ہیں؟

(iv) کانگڑ کس قسم کا ہرن ہے اور اس کی آواز کیسی ہوتی ہے؟

(v) وکیل صاحب پر کس جانور نے حملہ کر دیا تھا؟

(vi) شیاما چڑیا اپنے بچوں کو کیا کھانا کھلاتی ہے؟

(vii) سیّد اور محسن کن چیزوں کے شیدائی تھے؟

(viii) کتوں نے خرگوش پر کیسے حملہ کیا؟

سوال.10 ”کملا میں روپ متی کا کردار کرنے کی تمام خوبیاں موجود تھیں“ اس بیان کی روشنی میں کملا کے کردار کی خوبیاں بیان



http://www.ukboardonline.com

http://www.ukboardonline.com
http://www.ukboardonline.com

http://www.ukboardonline.com

کیجئے؟ 10

یا

ڈرامہ ہیروئن کی تلاش کا خلاصہ لکھئے؟

سوال 11. درج ذیل میں سے پانچ سوالات کے جواب لکھئے؟ 10

(i) منو مہرا کے نزدیک روپ متی کا کردار ادا کرنے کے لئے کس طرح کی عورت چاہئے؟

(ii) شوچرن کو واقعی ادب سے لگاؤ تھا یا وہ بے روزگار ہونے کی وجہ سے ادب دوست امیروں کا ساتھ دے رہا تھا؟

(iii) کملا پتی ناتھ نے اپنی طالب علم نرملا کے بارے میں کیا بتایا؟

(iv) کنورانی نے ڈرامے میں کردار نہ کرنے کا کیا عذر پیش کیا؟

(v) پورنما نے مسز مہرا اور ان کے ساتھیوں کو ملاقات کے لئے ناشتہ کا وقت کیوں دیا تھا؟

(vi) مسز مہرا کے نزدیک روپ متی کا کردار ادا کرنے کے لئے سب سے موزوں شخصیت کون ہو سکتی تھی؟

(vii) رام رتن نے اپنی بیوی کو ڈرامہ میں کام نہ کرنے کی کیا وجہ بتائی؟

http://www.ukboardonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Send your old paper & get 10/-
अपने पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से



http://www.ukboardonline.com

http://www.ukboardonline.com

http://www.ukboardonline.com